فیضِ مرشد۔ قطب الاقطاب حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

سترہ وظائف
سے زندگی آسان

ان اعمال کو ہزاروں نامرادوں اور نا ٹلنے والی پریشانیوں میں گھرے افراد نے اپنایا تو وہ اپنی مراد پا گئے، لوگ ان اعمال کی برکت سے ایسے آسودہ ہوئے، جیسے ان پر کبھی پریشانیاں آئی ہی نہ تھیں۔

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

پی۔ ایچ۔ ڈی (امریکہ)

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
1	بسم اللہ الرحمن الرحیم سے زندگی آسان	2
2	خوشبو کے فائدے ہی فائدے	3
3	گیارہ بار یا حفیظ کے انوکھے فائدے	4
4	یا قہار سے قہر برسائیں	5
5	حسن و جمال کا قیمتی راز	6
6	یَابَاعِثُ یَانُورُ سے دل نورانی بنائیں	7
7	وضو کے تین گھونٹ پانی کے کرشمات	8
8	مسواک کے کرشمات	9
9	ناممکن کو ممکن بنائے	10

10	سورۂ قریش پڑھیں اور کمال پائیں	12
11	آخری 6 سورتوں سے محبت کرنے کا انعام	14
12	تین نام پڑھیں اور چونک جائیں	15
13	آئیں روحانی غسل سے پریشانیاں دور کریں	16
14	افحسبتم اور اذان کا عمل	18
15	برکت والی تھیلی سے مالدار بنیے	20
16	بغیر کیش کے زندگی کا عیش	22
17	ہر مشکل کی تباہی روحانی ایٹم بم سے	24

(ان اعمال کی اجازت عام ہے)

تسبیح خانے کا پیغام

(اعمال سے پلنے‘ بننے اور بچنے کا یقین حاصل کرنا)

اب تک یہ سنتے آئے کہ اعمال اور مسنون زندگی سے جنت ملتی ہے لیکن کیا ان اعمال سے دنیا بھی ملتی ہے؟؟؟ جی ہاں! ایسا آج کے پرفتن دور میں بھی ممکن ہے اللہ وہی ہے‘ اس کی طاقت وہی ہے جو صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اولیائے کرام رحمہم اللہ کے دور میں تھی دراصل ہم نے اس یقین کو چھوڑ دیا ہے جو صحابہؓ اور اولیاء کرام کا ''اللہ تعالیٰ'' کے نام سے اپنے مسائل حل کروانے کا تھا‘ معرفت کی اس حقیقت کو پانا اور بلاامتیاز نفرتوں کی آگ میں محبتوں کا پانی ڈالنے کیلئے ایک ٹھنڈی آبشار کا کردار ادا کرنا اور بے سکون اور بے چین انسانیت کیلئے مرہم مہیا کرنا‘ سارے عالم میں سلاسل اولیاء (نقشبندی‘ چشتی‘ قادری‘ سہروردی‘ شاذلی) کو اسلاف کی طرز پر طے کروانا یہی تسبیح خانہ کا پیغام و منشور ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم سے زندگی آسان

آپ خودکشی کرنے جارہے ہیں ذرا ٹھہریے.......!!

روزگار کی پریشانی ، رشتوں کی بندش ، مالی مشکلات ، گھریلو ناچاقیاں' اولاد کی نافرمانی پہاڑ جیسا قرض ، لاعلاج بیماریاں ، بیرون ملک جانے کی خواہش ، حج کی تڑپ ، اپنا گھر' اپنی سواری ، گھریلو الجھنوں کا خاتمہ' ناممکن مشکلات کا خاتمہ الغرض کوئی بھی حل نہ ہونے والا مسئلہ ہو 800 دفعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اول وآخر 3 مرتبہ دوردابراہیمی روزانہ سارا گھر یا چند افراد کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت ایسی متوجہ ہوگی کہ ہر حال میں کامیابی اس پڑھنے والے کا مقدر بن جائے گی۔

یہ وظیفہ زندگی کا معمول بنالیں۔

خوشبو کے فائدے ہی فائدے

خوشبو لگانا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے جو مستقل خوشبو لگائے گا رزق میں برکت ہوگی، صحت وتندرستی ہوگی، عزت شان وشوکت و وقار سربلندی ہر جگہ ملے گی۔ عبادت میں خشوع خضوع ملے گا۔ تقویٰ کا نور ملے گا، فرشتوں کی محفل نصیب ہوگی، بیروزگار کو رزق ملے گا۔ بے گھر کو گھر، بے در کو در ملے گا۔ روزی بارش کی طرح برسے گی، طالب علموں کو کامیابی، میاں بیوی میں محبت بڑھے گی، گھریلو ناچاکیاں ختم ہونگی، آپس میں محبتیں بڑھ جائیں گی۔ معاشرے میں عزت پائے گا۔ "برکت والی تھیلی"، پر خوشبو لگانے سے رزق بے بہا ملے گا۔ نوٹ: خواتین خوشبو صرف گھر کے اندر لگائیں گھر سے باہر نہ لگائیں۔

گیارہ بار یَاحَفِیظُ کے انوکھے فائدے

جو شخص گھر سے نکلتے ہوئے سواری پر بیٹھتے ہوئے یا کسی کام کی ابتداء کرتے ہوئے گیارہ بار اللہ تعالیٰ کا صفاتی اسم ''یَاحَفِیظُ'' پڑھے گا، ہر حادثے کی پریشانی اور ہر دکھ سے محفوظ رہے گا چوری اور ڈکیتی سے بچا رہے گا اور اگر کھانے یا پینے پر پڑھ کر کھائیں پئیں تو ہر بیماری، تکلیف، نظر بد، جادو، حسد سے ہمیشہ حفاظت رہے گی۔

حفیظ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ رب العزت جب کسی کی حفاظت کا ارادہ فرما لیتے ہیں تو موت کے منہ سے بھی اسے بچا لیتے ہیں۔

یَاقَہَّارُ سے قہر برسائیں

جادو جنات جتنا پرانا ہو، جنات نے زندگی تنگ کردی ہو، گھر ویرانی کا نمونہ بن گیا ہو، عامل ملنگ بابے جب جادو بندش اور جنات کے کڑے کو توڑ نہ سکتے ہوں تو ایسے وقت ‘‘یَاقَہَّارُ’’ کا بکثرت ہر حال میں ورد کریں اور آنکھوں سے قدرت کا جلوہ دیکھیں، دل بول اٹھتا ہے، واقعی زندگی مال سے نہیں اعمال سے بنتی ہے۔ لاعلاج بیماریاں شوگر، کینسر، ہیپاٹائٹس اور ہر مشکل میں پڑھنا فوری اثر اور نفع رکھتا ہے۔

> شریعت کی حدود کو مدنظر رکھنے والے ہمیشہ کامیابی کی منزلیں جلد طے کرتے ہیں۔ اس لیے آپ ہمیشہ نیک مقصد پیش نظر رکھیں (خواجہ اویس قرنی ثانی رحمہ اللہ)

حسن وجمال کا قیمتی راز

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ”یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ“ بکثرت یا ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے سے آپ قیمتی بیوٹی کریموں، لوشن اور بیوٹی پارلر سے نجات پائیں۔ خوبصورتی آپ کی مٹھی میں واقعی اس ورد میں ہے۔ خوبصورت اولاد چاہنے والی حاملہ خواتین حمل کے شروع سے روزانہ ایک تسبیح یا بکثرت پڑھنا شروع کریں اور قدرت کی رحمت آنکھوں سے دیکھیں یہ ورد پڑھنے والا اعمال اور عبادات میں خوبصورتی اور خشوع وخضوع پائے گا، یہ وظیفہ لڑکے اور لڑکیوں کی خوبصورتی کا بہترین راز ہے۔

یَابَاعِثُ یَانُوْرُ سے دل نورانی بنائیں

جو شخص سوتے وقت دل پر دایاں ہاتھ رکھ کر اللہ تعالیٰ کے اسم ''یَابَاعِثُ یَانُوْرُ'' دونوں ملا کر گیارہ بار پڑھے گا دل کی بیماریوں سانس کی بیماریوں' سینے کے تمام امراض کا خاتمہ ہوگا ، دل نورانی ہوگا' مستقل مزاجی سے ذکر تلاوت تسبیح نماز تہجد کی توفیق ہوگی' عبادت اور ولایت کے راستے آسان ہونگے ، اگر طالبعلم پڑھے یاداشت بہتر ہوگی' تعلیمی کامیابی ملے گی' کشف اور دل کی آنکھیں کھل جائیں گی' گناہوں سے نجات نصیب ہوگی۔

روح کی دنیا بہت گہری ہے لیکن دل کی دنیا اس سے زیادہ گہری ہے۔ (قطب الاقطاب خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمہ اللہ)

وضو کے تین گھونٹ پانی کے کرشمات

جو شخص نلکے، ٹونٹی، تالاب، دریا، نہر، چشمہ جہاں سے بھی وضو کرنے کے بعد تین گھونٹ پانی بیماری، مشکل، پریشانی یا گھریلو الجھنوں کی نیت کرکے پیئے گا اس کے دل کی مراد پوری ہوگی۔ بخار سے لیکر کینسر تک ہر لاعلاج بیماری کیلئے یہ عمل آخری علاج ہے لیکن یقین شرط ہے۔

وضو کے تین گھونٹ پانی کی برکات اور لاعلاج بیماریوں، پریشانیوں سے نجات پانے والوں کے آپ بیتے سچے مشاہدات، احادیث اور اکابرین سے منقول دلائل جاننے کیلئے ادارہ عبقری کا کتابچہ "تین گھونٹ پانی کے کرشمات" ملاحظہ فرمائیں۔ (قیمت 10 روپے)

مسواک کے کرشمات

جو شخص مسواک اپنی جیب میں رکھے گا ایکسیڈنٹ حادثات سے بچا رہے گا۔ اس کی جیب کبھی خالی نہیں ہو گی، ناگہانی آفات اور بلیات سے اس کی حفاظت رہے گی۔ رزق میں برکت ہو گی، چوری، ڈاکہ اور چھینا جھپٹی سے اللہ تعالیٰ اسے محفوظ رکھے گا۔ نماز کے وقت مسواک کرنے والے کو آخری وقت میں کلمہ نصیب ہو گا۔ منہ سے نور نکلے گا، اللہ تعالیٰ زبان اور منہ کی آفتوں سے بچائیں گے۔ بند آنکھوں کے اوپر مسواک پھیرنے سے آنکھوں کا نور سدا رہے گا۔ آنکھوں کے گناہوں سے نجات ملے گی۔

ناممکن کو ممکن بنائیے

بے آسرا، نا اُمید پریشان حال مایوس لوگوں کیلیۓ ایک ایسا عمل جو سو فیصد قبولیتِ دعا کی شرائط پر پورا اترتا ہے اور لاکھوں اولیاء کے مجرب معمولات میں شمار ہوتا ہے۔ آپ بھی اُلٹی تدبیروں، بے کار ہوتی کوششوں اور ناکام ہوتے منصوبوں' پرانے سے پرانے جادو جنات' بندشوں اور سخت ترین بیماریوں میں آزمایئے.....! انشاءاللہ یہ عمل آپ کو ہر عامل سے بے نیاز کر کے ہر مشکل سے نکلنے کا راستہ مہیا کریگا اور ناممکن کو ممکن بنائے گا۔

طریقہ عمل: اول و آخر 3,3 مرتبہ کوئی بھی درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص

مع تسمیہ (یہ پورا ایک عمل ہوا) اس طرح روزانہ 41 مرتبہ کریں۔ یہ ایک نصاب شمار ہوگا۔ اس طرح روزانہ کئی نصاب کر سکتے ہیں۔ 41 یا 91 دن بلاناغہ کریں۔ ہر قسم کی بیماری پریشانی اور مشکل میں کر سکتے ہیں۔ **نوٹ:** خواتین ایام کے دنوں میں نہ کریں بلکہ بعد میں دنوں کی تعداد پوری کریں۔ باذوق حضرات زندگی کا معمول بنالیں تو خیر و برکت کے ٹھنڈے بادل آپ پر ہر وقت چھائے رہیں گے۔

صدقہ جاریہ

بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے، خود بھی پڑھیے اور جیلوں، ہسپتالوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں۔

سورۂ قریش پڑھیں اور کمال پائیں

سواری نہ ملتی ہو‘ سفر کی مشکلات ہوں‘ گاڑی خراب ہو گئی ہو‘ موبائل‘ موٹر‘ فریج یا کوئی مشین خراب ہو یا دشواری ہو تو سورۂ قریش 41 مرتبہ بمعہ تسمیہ اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنے سے مشکلات حل ہو جاتی ہیں۔ حاملہ اگر صبح و شام ایک تسبیح حمل کے شروع سے آخر تک پڑھے تو ڈلیوری آسان ہوگی‘ گھر کے راشن پر 101 مرتبہ پڑھنے سے برکت ہوگی‘ کبھی کمی نہ ہوگی‘ ہمیشہ کیلئے گھر سے بیماریاں مشکلات ختم ہو جائیں گی‘ زندگی میں سکون‘ چین‘ برکت اور عافیت ہوگی۔ ہمیشہ صبح و شام کی تسبیح کا ورد بنانے سے کامیابی

مقدر بن جائیگی' جو شخص کھانے کے بعد ایک دفعہ پڑھے گا کھانا بیماری نہیں بنے گا بلکہ اس کھانے سے بیماریاں دور ہو جائیں گی۔ دو بار پڑھنے سے دستر خوان ہمیشہ اچھا ملتا رہے گا جو تین بار پڑھے گا اس کی نسلوں میں کبھی رزق ختم نہیں ہو گا۔

مال سے نہیں اعمال سے زندگی بنتی ہے اب یہ سنی سنائی کہانی نہیں بلکہ ایک زندہ جاوید حقیقت ہے اگر آپ بھی اس حقیقت کو پانا چاہتے ہیں تو تسبیح خانہ قادری ہجویری لاہور میں ہر جمعرات ہونے والے درس میں شرکت کریں۔ یہ درس انٹرنیٹ پر دنیا کے 132 ممالک میں براہ راست سنا جاتا ہے' درس سے استفادہ کیلئے۔ www.ubqari.org

آخری 6 سورتوں سے محبت کرنے کا انعام

جو شخص اپنی زندگی میں آخری چھ سورتوں کا بسم اللہ کے ساتھ اہتمام کرتا ہے نماز میں یا نماز کے علاوہ' جادو جنات تو اس سے ایسے دور ہوتے ہیں جیسے پانی سے آگ...... زندگی کی مشکلات ہمیشہ ٹلی رہیں گی۔ نسلیں ہمیشہ آسودہ رہیں گی۔ سفر میں پڑھنے سے رزق میں برکت اور سفر ہمیشہ آسان ہوگا۔ خیر خیریت سے منزل پر آسانی سے پہنچے گا۔ حادثات' مشکلات اور واردات سے محفوظ رہے گا۔ سوار' سواری' اہل وعیال اور گھر کی ہمیشہ حفاظت رہے گی۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے زندگی میں ایسی آسانیاں پیدا ہونگی کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔

تین نام پڑھیں اور چونک جائیں

جو شخص اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ”اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ“ ان تینوں کا ورد چلتے پھرتے، وضو بے وضو پڑھے گا زیر ناف مردانہ و زنانہ تمام پوشیدہ تکلیفوں سے امن پائے گا۔ نیکی اور پاکیزگی ملے گی، برائی بدکاری خود اس سے بچے گی اور ذہنی ٹینشن، ڈیپریشن کا تو آخری علاج ہے۔ خارش، چھوٹی بیماریاں اور وسوسوں کا خاتمہ ان لفظوں کے سامنے فتنوں کے دور میں ادنیٰ چیز ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بھی پڑھ سکتے ہیں۔

آئیں روحانی غسل سے پریشانیاں دور کریں

غسل تو ہم کرتے ہیں اپنے غسل کو اگر روحانی طریقے سے کریں گے تو اس کے فائدے بہت زیادہ ہیں مثلاً لاعلاج بیماریوں میں مبتلا ہوں کوئی عیب چھوڑنا چاہتے ہوں، غصہ، چڑچڑاپن، ڈیپریشن، ٹینشن سے چھٹکارے کا کوئی طلب گار ہو، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانیاں، میاں بیوی کی ناچاکیاں یہ غسل خود کریں یا کسی اور کی طرف سے بھی کر سکتے ہیں۔ روزانہ دو وقت کر لیں یا ایک وقت کریں چند دنوں میں کمال دیکھیں۔

طریقہ روحانی غسل: ''روحانی غسل'' کا طریقہ یہ ہے کہ آخری چھ سورتیں مع تسمیہ اول و آخر 3 دفعہ کسی بھی درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور اسکے بعد بیت

الخلاء کی دعا: "بِسْمِ اللّٰہِ" "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ" پڑھ کر بایاں پاؤں غسل خانے (wash room) میں رکھ کر اندر چلے جائیں، مسنون غسل کریں، نہاتے وقت یہ دعا دل ہی دل میں مسلسل پڑھتے رہیں، زبان سے بالکل نہ پڑھیں اور اپنی ہر بیماری اور پریشانی کا تصور کرتے رہیں کہ وہ بھی اس پانی کے ساتھ ڈھل رہی ہیں اور اس کے بعد جب باہر آئیں تو سیدھا پاؤں باہر رکھیں اور پھر اسی ترتیب سے آخری چھ سورتیں پڑھیں جیسے پہلے پڑھیں تھیں۔ {نوٹ}: غسل جنابت کی صورت میں نہانے سے پہلے چھ سورتیں نہ پڑھیں بلکہ نہانے کے بعد جب باہر آجائیں تو بعد میں پہلے کی تعداد بھی پوری کرلیں۔

افحسبتم اور اذان کا عمل

دم توڑتی آرزوؤں، تڑپتے ارمانوں، سلگتی خواہشوں، خاندانی جھگڑوں، رزق حلال سے محرومی، لاعلاج بیماریوں اور جادو، سرکش جنات کے اثرات میں یہ عمل کتنا کارگر ہے آپ خود حیران ہوجائیں گے۔ اس کی فضیلت کے بارے میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ اگر کوئی شخص دل کے یقین کے ساتھ (سورۂ مومنون کی) ان آیات کو پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے۔ (کنزالعمال، تفسیر مظہری)

طریقہ عمل: سورۂ مومنون (پ 18) کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر دائیں کان کا تصور کرکے دائیں کندھے پر اور بائیں

کان کا تصور کر کے بائیں کندھے پر مریض خود دم کرے اور سارا گھر دم کرے اور اگر مریض سامنے موجود نہ ہو تو تصور میں سارا گھر یا جتنے زیادہ افراد کریں گے فائدہ اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ یہ عمل ہر گھنٹے یا آدھے گھنٹے کے بعد کریں، ہر نماز کے بعد بھی کر سکتے ہیں اور صرف صبح و شام بھی کر سکتے ہیں۔ وضو بے وضو کر سکتے ہیں۔

نوٹ: خواتین ایام کے دنوں میں **افحسبتم** کا عمل نہ کریں بلکہ ان کی طرف سے کوئی دوسرا عمل کرے تاکہ عمل میں کمی نہ ہو البتہ اذان کا عمل کر سکتی ہیں۔

اذان اور **افحسبتم** کا زود اثر، طاقتور اور پوری دنیا میں کہیں پر بھی مؤثر کرشماتی عمل کے حیرت انگیز سچے مشاہدات اور دلائل جاننے کیلئے کتاب ''**افحسبتم** اور اذان کے کرشمات'' کا مطالعہ فرمائیے

برکت والی تھیلی سے مالدار بنیے

گزشتہ دور کے صحابہ واہل بیعت رضوان اللہ علیہم اجمعین، اولیائے کرام رحمہم اللہ کی زندگی میں برکت تھی جہاں اعمال صالح تھے وہاں برکت والی تھیلی بھی ان کی ساتھی تھی۔ حضرت حکیم صاحب کی خصوصی دم کی ہوئی برکت والی تھیلی مفلس، غریب، نادار، تنگدست اور قرضوں میں ڈوبے ہوؤں کیلئے ایک انمول تحفہ اور خزانہ ہے۔ آپ تمام رقم تھوڑی ہو یا زیادہ اسی میں رکھیں اور نکالتے اور ڈالتے وقت تسمیہ کیساتھ ایک بار سورۂ کوثر پڑھ لیں کبھی برکت اور رقم ختم نہیں ہوگی۔ مرد اپنے ساتھ رکھ سکتے ہیں، عورتیں اپنے پرس میں رکھ

سکتی ہیں، گھر میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ روزانہ 129 دفعہ صبح وشام سورۂ کوثر مع تسمیہ اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر اسی تھیلی پر دم کر دیں، یہ عمل دن میں ایک بار بھی کر سکتے ہیں لیکن اگر دو بار کریں تو نفع زیادہ ہوگا۔ جتنا گُڑ اتنا میٹھا۔ اگر تمام عمر کا معمول بنا لیں تو پھر کمال دیکھیں۔ وضو بے وضو دونوں حالتوں میں کر سکتے ہیں لیکن باوضو برکت زیادہ ہوگی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم کسی بھائی کی مصیبت پر خوشی کا اظہار مت کرو۔ (اگر ایسا کرو گے تو ہوسکتا ہے) اللہ اس کو اس مصیبت سے نجات دیدے اور تم کو مبتلا کردے۔ (جامع ترمذی)

بغیر کیش کے زندگی کا عیش

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

(سورۃ المائدہ آیت 114)

اس قرآنی دعا کے پڑھنے والے کو اللہ پاک غیبی رزق عطا فرماتے ہیں، خیر و برکت عطا فرماتے ہیں جہاں کہیں سے رزق کا کوئی وسیلہ نظر نہ آ رہا ہو مایوسی اور ناامیدی کی اتھاہ گہرائی میں گھرے شخص پر سے پریشانی دور ہو جاتی ہے، اس شخص کا دسترخوان نہایت ہی وسیع ہو جاتا ہے، اللہ پاک کے فضل و کرم سے نسلوں کے لیے رزق اور برکت کا سامان ہو جاتا ہے۔ رمضان

شریف میں افطاری کے وقت پڑھنا رزق کے دروازے کھلوا دیتا ہے۔ طریقہ عمل : اول و آخر طاق عدد درود شریف تین، پانچ یا سات مرتبہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ قرآنی دعا پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک ماریں اور اللہ پاک سے دل ہی دل میں دعا مانگ لیں۔ زندگی بھر اس عمل کا معمول رکھیں دن میں کئی بار بھی کر سکتے ہیں، رمضان المبارک میں افطاری سے پہلے کریں۔

آیئے! ہم بلاتفریق رنگ و نسل، علاقے، زبان، مسلک اور مذہب کی قید سے ہٹ کر انسانیت کیلئے آسانیاں پھیلانے والے بن جائیں اور امن کی شمع روشن کریں۔

مرکز روحانیت و امن عبقری ٹرسٹ رجسٹرڈ لاہور

ہر مشکل کی تباہی روحانی ایٹم بم سے

آج کے سائنسی دور میں ہر انسان مشکلات کا شکار ہے۔ کچھ واقعات غیرارادی طور پر ہوتے ہیں اور کچھ ارادتاً کیے جاتے ہیں ان غیر معمولی واقعات کے ذریعے انسان رکاوٹوں اور گردشوں کے چکر میں پھنس جاتا ہے۔ وہ اپنا تمام اثاثہ (صحت، روپیہ، تعلقات، محبت اور ذات) داؤ پر لگا دیتا ہے۔ اسے اپنی قسمت پر شک ہونے لگتا ہے۔ (شادی، کاروبار، رشتہ نہ آنا، رشتہ داروں کی مخالفت، روک ٹوک، شیطانی اثرات) کیا کسی نے کچھ کرایا تو نہیں دیا یا میرے ہی ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے؟؟؟ ایسے تمام لوگوں کیلئے دو قرآنی الفاظ پر مشتمل اسم

اعظم ''حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' پیش ہے۔ وظیفہ مختصر لیکن آج کے سائنسی اور مادی دور میں اس کی تاثیر ایٹم بم سے بھی زیادہ ہے۔ پڑھیں اور خود آزمائیں۔

کرشمات ہی کرشمات

ادارہ عبقری لاہور کی روحانی کرشماتی دنیا صرف دس روپے میں روحانی غسل کے کرشمات، تین گھونٹ پانی کے کرشمات، یاحفیظ کے کرشمات، ''حم لا ینصرون'' کے کرشمات، سورۂ یٰسین کے کرشمات، آخری چھ سورتوں کے کرشمات، سورۂ مائدہ کی آیت 114 کے کرشمات، سورۂ بقرہ سے شرطیہ انشاء اللہ بیٹا پائیں، مالدار بنانے کا آزمودہ راز، جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل، شجرہ طیبہ قادری ہجویری (حصول معرفت کی کرشماتی دنیا) دو انمول خزانے۔۔۔

(تقسیم کرنیوالے حضرات کیلئے خصوصی رعایت)

شرائط

ان وظائف کے کارگر ہونے کی چند شرائط ہیں

☆ یقین کے ساتھ عمل کریں، شک عمل کو ضائع کر دیتا ہے۔

☆ توجہ کے ساتھ عمل کریں، بے توجہی سے پڑھی جانے والی دعائیں ہوا میں گم ہو جاتی ہیں۔

☆ رزق حلال کا اہتمام کریں، مالک راضی ہو گا تو کام بنے گا۔

☆ فرائض کا اہتمام کریں۔ جو لوگ نماز اور دیگر فرائض ادا نہیں کرتے ان کے

☆ اعمال بے اثر رہتے ہیں۔

☆ حرام کاموں سے بچیں، وہ کام جنہیں شریعت نے حرام قرار دیا ہے ان کا

☆ ارتقاب روحانیت کو نقصان پہنچاتا ہے تب عمل کارگر نہیں ہوتا۔

☆ الفاظ کی تصحیح کا اہتمام کریں، الفاظ غلط پڑھنے سے معنی بدل جاتے ہیں۔

☆ طہارت کا اہتمام کریں، خود بھی پاک صاف ہوں، لباس اور جگہ بھی پاک صاف رکھیں۔

☆ عاجزی اور آہ و زاری کے ساتھ عمل کریں۔

صرف اک احساس......! آسان زندگی کا راز

ذرا ٹھہریئے......! آپ سخت پریشان ہیں...... مسلسل ناکامیاں آپ کا مقدر ہے...... آپ پرسکون زندگی کی تلاش میں ہیں......؟؟؟

پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ چالیس سال تک اللہ تعالیٰ کی رحمت بیان فرماتے رہے۔ جی میں آیا کہ رحمت الٰہی کا وعظ سن سن کر لوگ بے خوف ونڈر ہو چکے ہوں گے لہٰذا اب اللہ کی پکڑ اور عذاب کا بیان کرتا ہوں...... چنانچہ ایک دن تھوڑا سا عذاب الٰہی پر بیان فرمایا...... آپ کو فوراً الہام ہوا کہ چالیس سال میں ہماری رحمت ختم ہوگئی اگر تم ساری زندگی بھی بیان کرتے رہتے تو ختم نہ ہوتی۔

ایسے کریم اور محبت کرنے والے رب کی رحمت کو لینے کے سترہ بہانے (وظائف) جنہیں لاکھوں لوگوں نے کیا...... تو رحمت الٰہی نے انہیں ایسی آسان زندگی عطا کی جو آپ سوچ بھی نہ سکیں...... تو آیئے! دیر کیسی...... اس کریم رب کو آپ کا انتظار ہے اور یقیناً آپ کے پہاڑوں جیسے گناہ بھی اس کی رحمت کے سامنے ایک ذرہ کی اہمیت نہیں رکھتے۔

دفتر ماہنامہ "عبقری"
78/3 مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
فون: 042-37552384 موبائل: 0322-4688313
Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org